تبصرہ کتب

التوحید و التثلیث (عربی)

مولف: الشیخ محمد جواد البلاغی

ناشر: دار قائم آل محمد۔ قم (ایران)

قیمت: ۱۲۰۰ ریال

الشیخ محمد جواد البلاغی (۱۲۸۲ھ - ۱۳۵۲ھ) نجف اشرف (عراق) کے معروف شیعہ عالم تھے۔ ان سے چھوٹی بڑی چوالیس کتب یادگار ہیں۔ جن میں سے نو مطالعہ عیسائیت سے متعلق ہیں۔ ڈاکٹر ٹسڈل کی تالیف "ینا بیع الاسلام" مخالف اسلام مناظراتی لٹریچر میں معروف کتاب ہے اور مسلم اہل علم نے اس کے متعدد جواب لکھے ہیں' ان میں سے ایک الشیخ محمد جواد البلاغی کے قلم سے ہے۔

زیر نظر رسالہ "التوحید و التثلیث" کا موضوع نام سے واضح ہے' مولف نے بائبل اور قرآن سے استشہاد کرتے ہوئے تصور تثلیث پر تنقید کی ہے۔ پہلی بار یہ رسالہ مطبعۃ العرفان صیدا سے ۱۳۳۲ھ / ۱۹۱۴ء میں شائع ہوا تھا۔ اس کی اہمیت کے پیش نظر دار قائم آل محمد' قم نے چند ماہ پہلے دوبارہ شائع کیا ہے۔ مرتب (جنھوں نے اپنا نام لکھنے کی بجائے صرف "م۔ ع۔ ح" لکھنے پر اکتفا کیا ہے۔) نے عہد حاضر کے تقاضوں کے مطابق ترتیب دیتے ہوئے سلیقے کا ثبوت دیا ہے۔ متن اور حوالہ جات واضح طور پر الگ الگ کر دیے گئے ہیں۔ بعض جگھوں پر حوالوں کا مزید اضافہ ہے۔ آغاز میں مولف شیخ محمد جواد البلاغی کی سوانح شامل کی گئی ہے۔

رسالہ "التوحید و التثلیث" تو ۸۹ صفحات میں ختم ہو جاتا ہے۔ باقی صفحات یعنی کتب کا نصف سے زائد حصہ مسلمان اہل علم کی ان کتابوں اور مقالات کی فہرست پر مشتمل ہے جو انہوں نے یہودیت اور عیسائیت کی تردید میں لکھے ہیں۔ فہرست میں کل ۱۳۰ے عربی' فارسی اور اردو کتابوں اور مقالات کا اندراج ہے۔ مرتب نے فہرست بناتے ہوئے حسب ذیل مراجع سے استفادہ کیا ہے۔